**23.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

**Music**

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ اس مرحلے کے تحت ہفتے کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کلکتہ ہائی کورٹ کی جانب سے OBC سٹیفکیٹ کو رد کئے جانے کے پیش نظر مغربی بنگال میں TMC حکومت پر خوش آمدانہ سیاست کرنے کیلئے نکتہ چینی کی ہے۔

☆ بھارت میں برآمدات میں ریکارڈ اضافہ درج کیا گیا ہے۔مئی میں روزگار میں 18 سال میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

☆ آج گوتم بدھ کا یوم پیدائش بودھ پورنما ملک اور بیرون ملک میں منایا جارہا ہے۔

☆ بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور اشمتا Chaliha ملیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور ۔جاپان میں عالمی پیرا اتھلیٹکس چمپئن شپ میں Sachin Sarjerao Khilari نے مردوں کے شارٹ پٹ میں نیا ایشیائی ریکارڈ قائم کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ x

-------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## CAMPAIGN

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے انتخابی مہم آج ختم ہورہی ہے۔ اس مرحلے کے تحت 8 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں پھیلے ہوئے 58 حلقوں میں 25 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ان میں بہار کی آٹھ، ہریانہ کی سبھی دس سیٹیں، جموں وکشمیر کی ایک، جھارکھنڈ کی چار، دلی کی سبھی سات سیٹیں جبکہ اڈیشہ کی چھ، اترپردیش کی 14 اور مغربی بنگال کی 8 سیٹیں شامل ہیں۔ لوک سبھا کی ان 58 سیٹوں سے 889 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔ x

## PM CULCUTTA HC

وزیراعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے کلکتہ ہائی کورٹ کی طرف سے 2010 سے جاری کیے گئے OBC سٹیفکیٹ رد کیے جانے کے فیصلے کے بعد مغربی بنگال میں ممتا بینرجی کی زیرقیادت ترنمول کانگریس سرکار کی خوش آمدانہ سیاست پر نکتہ چینی کی ہے۔ دلی میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے وزیراعلیٰ ممتا بینرجی پر آئین کی خلاف ورزی اور قانون کی بالادستی کی بجائے سیاسی فائیدوں کو ترجیح دینے کا الزام لگایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کلکتہ ہائی کورٹ کا 2010 سے مغربی بنگال میں جاری کیے گئے OBC سٹیفکیٹ رد کیا جانا اُن جماعتوں کے منھ پر ایک بڑا تماچہ ہے جو ووٹ بینک کو خوش کرنے کے لیے تمام حدود کو پار کر رہی ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے اعلیٰ رہنما امت شاہ نے کہا ہے کہ ممتا بینرجی پسماندوں طبقوں کا ریزرویشن چھین کر اپنے ووٹ بینک کی سیاست کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ BJP مذہبی بنیاد پر ریزرویشن کی سختی سے مخالفت کرتی ہے اور اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہائی کورٹ کے فیصلے کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ کلکتہ ہائی کورٹ نے مغربی بنگال میں 2010 سے جاری کیے گئے تمام OBC سٹیفکیٹ منسوخ کر دیئے تھے۔ جسٹس Tapabrata Chakraborty اور جسٹس راج شیکھر Mantha پر مشتمل ایک ڈویژن بنچ نے 2010 کے بعد ریاست میں تیار کی گئی OBC کی فہرست کو غیرقانونی قرار دے دیا۔ x

## PM INTERVIEW

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندرمودی نے کہا ہے کہ 2014 کے لوک سبھا انتخابات میں بدعنوانی اصل معاملہ تھا جبکہ 2019 میں مستفیدین پر چناؤ ہوا تھا اور 2024 میں اصل توجہ وکست بھارت پر مرکوز ہے۔ انگریزی کے ایک روزنامہ کو دئے گئے ایک انٹرویو میں جناب مودی نے کہا کہ ملک کے عوام اس بات سے

واقف ہیں کہ یہ ایک اہم چناؤ ہے جس سے اس بات کو یقینی بنایا جاسکے گا کہ ہم عوام کی خواہشات کے مطابق وکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرسکیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 2024 میں پچھلے دو چناؤ کے اُن کے اہم ووٹر ان کے ساتھ رہیں گے۔ وزیراعظم نے کہاکہ 2024 کے اس چناؤ میں بدعنوانی کے خلاف ووٹر ان کے ساتھ ہیں اور مستفیدین بھی اُن کا ساتھ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ سماج کا ایک بڑا طبقہ جو بھارت کو تیزی سے ترقی کرتا ہوا دیکھنا چاہتا ہے وہ بھی ان کی اور بی جے پی کی حمایت کررہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ حالیہ برسوں میں خاص طور سے کووڈ۔19 وبا کے بعد بھارت تیزی کے ساتھ ابھرتی ہوئی اہم معیشتوں میں شامل رہا ہے۔
X

**LS DELHI CAMPAIGN**

دلی کی سبھی سات لوک سبھا سیٹوں کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ سبھی سیاسی پارٹیاں روڈ شو، عوامی میٹنگوں اور گھر گھر جاکر ووٹروں سے ملاقات کے ذریعہ انہیں راغب کرنے کی کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت قومی راجدھانی میں ہفتے کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے آج مغربی دلی کے لوک سبھا علاقے دوارکا میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں جناب سنگھ نے کہاکہ بھارت ہر صورت میں رام راجیہ دیکھے گا اور دنیا کی کوئی بھی طاقت اِسے روک نہیں سکتی۔ بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر پیوش گوئل نے مغربی دلی کے نجب گڑھ علاقے میں ایک روڈ شو کیا۔ بی جے پی کی ایک اور رہنما اور مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی نے چاندنی چوک پارلیمانی حلقے کے اشوک وہار علاقے میں ایک روڈ شو کیا۔ بی جے پی لیڈر اور راجستھان کے وزیراعلیٰ بھجن لال شرما نے بھی شمال مغربی دلی کے روہنی علاقے میں ایک روڈ شو کیا۔ اس دوران کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی شمال مشرقی دلی پارلیمانی حلقے کے دلشاد گارڈن علاقے میں ایک چناؤ ریلی کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے بی جے پی کی قیادت والی حکومت پر غربت اور نابرابری میں اضافے کیلئے نکتہ چینی کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت صرف مخصوص کاروباری افراد کیلئے کام کرتی ہے اور اس نے کبھی عوام کیلئے کوئی کام نہیں کیا۔ جناب گاندھی نے دعویٰ کیا کہ نوجوان بے روزگاری سے شدید طور پر متاثر ہیں۔ X

**IRANI SISODIA**

BJP کی اعلیٰ رہنما اور مرکزی وزیر اسمرتی ایرانی نے کہا ہے کہ عام آدمی پارٹی کے رہنما منیش سسودیا کی ضمانت کی درخواست پر دلی ہائی کورٹ کا فیصلہ اِس بات کا ثبوت ہے کہ اُس کالے دھن میں سے، جسے سسودیا نے

جائز بنایا تھا پارٹی کے دوسرے ممبروں کو بھی حصہ ملا تھا۔ آج نئی دلی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے محترمہ ایرانی نے کہا کہ عدالت نے ضمانت کی درخواست پر تین مشاہدات اخذ کیے ہیں، جس سے بدعنوانیوں کا اظہار ہوتا ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ سسودیا نے ایک ارب روپے کی بدعنوانی کے معاملے میں سرکاری مشینری کا غلط استعمال کیا۔ محترمہ اسمرتی ایرانی نے کہا کہ دلی ہائی کورٹ کے یہ مشاہدات عوام کے سامنے ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ منیش سسودیا اور عام آدمی پارٹی کی بدعنوانیوں کے بارے میں عدالت کی طرف سے کیے گئے مشاہدات پر غور کریں۔×

## PREZ RAGHUNATH MURMU

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے **Santhali** زبان کے مصنف پنڈت رگھوناتھ مرمو کو ان کی جینتی پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ **Ol Chiki** رسم الخط تیار کرکے انھوں نے سنتھالی زبان کو نئی پہچان دلائی۔ انھوں نے مزید کہا کہ سنتھالی زبان کے فروغ میں ان کے تعاون سے سنتھالی لوگوں کے لیے مواقع میں بھی اضافہ ہوا ہے اور ان کے مالا مال ثقافتی ورثے کے تعلق سے زیادہ بیداری پیدا ہوئی ہے۔**x**

## EXPORT RICE HSBC PMI

بھارتی معیشت میں برآمد کے شعبے میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، اور اس سال مئی کے مہینے میں **18** سال کے مقابلے میں روزگار میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ **HSBC** کے **Flash** خریداری منیجر انڈیکس **PMI** کے مطابق بھارت نے، جولائی **2010** کے بعد سے پرائیویٹ شعبے میں تیسرا سب سے بڑا اضافہ ہوا ہے۔ مینوفیکچرنگ کی صنعت میں فروخت اور روزگار دونوں میں اضافہ ہوا ہے لیکن خدمات کے شعبے کی وجہ سے ہی معیشت میں یہ تیزی دیکھی گئی ہے۔ دیگر مثبت اشاریے جن کا ذکر سروے میں کیا گیا ہے وہ ہے برآمدات میں اضافہ، **2006** کے بعد سے پرائیویٹ کمپنیوں میں روزگار میں اضافہ اور تجارت کرنے کے اعتماد میں اضافہ۔×

## REV. BUDDHA PURNIMA

آج گوتم بدھ کا یوم پیدائش بدھ پورنیما ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔ دنیا بھر میں، ہندو اور بدھ مذہب کے پیروکار یہ دن مناتے ہیں اور کئی ملکوں میں بڑے تہواروں میں اِس کا شمار ہوتا ہے۔ نیپال، بنگال اور سری لنکا کے عوام بھی بدھ پورنیما منارہے ہیں اور جدید دنیا میں بھگوان بدھ کی تعلیمات کے حوالے سے مختلف تقریبات

اور سمپوزیم کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ بہار میں بدھ پورنیا مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ بودھ گیا میں مہابودھی مندر میں اصل تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے جہاں بھگوان بدھ کو پوتر مہابودھی پیڑ کے نیچے نروان حاصل ہوا تھا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اِس موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔X

## IMD WEATHER

شمالی اور وسطی بھارت میں اگلے کچھ روز کے دوران شدید گرمی کا زور جاری رہنے کا امکان ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے تین سے چار روز کے دوران شمالی ریاستوں، راجستھان، اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔اگلے تین سے چار روز کے دوران ودربھ اور مہاراشٹر میں بھی اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ آسام میں بھی کل تک گرمی اور اُمس کا موسم رہے گا۔اس دوران آج تملناڈو، پڈوچیری، اور کرائیکل میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون جنوبی بحیرۂ عرب، مالدیپ کے کچھ اور حصوں، Comorin علاقے، جنوب مغربی خلیج بنگال، انڈومان نکوبار کے کچھ اور حصوں اور انڈومان سمندر سے مزید آگے بڑھ گیا ہے۔

X

## MALAYSIAN MASTERS BADMINTON

بیڈمنٹن میں بھارت کے سرکردہ کھلاڑی پی وی سندھو اور اشمتا Chaliha کوالمپور میں ملیشیا ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ خواتین کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں سندھو نے جنوبی کوریا کی Yu Jin Sim کو اکیس۔تیرہ، بارہ۔اکیس، اکیس۔ چودہ سے ہرایا جبکہ اشمتا نے امریکہ کی Beiwen Zhang کو اکیس۔انیس، سولہ۔اکیس، اکیس۔بارہ سے شکست دی۔ مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں آج بھارت کے سائی پرتیک اور کرشن پرساد Garaga کا مقابلہ چین کی جوڑی سے ہوگا۔ X

## PARA ATHLETICS GOLD ASIAN RECORD

جاپان کے شہر Kobe میں جاری عالمی پارا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں، بھارت کے لیے سچن Sarjerao کھلاڑی نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے مردوں کے Shot put میں یہ تمغہ حاصل کیا۔ انہوں نے F46

زمرے میں **16** اعشاریہ تین صفر کی دوری تک طشتری پھینکنے میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا اور اپنے سابقہ اعزاز کا دفاع کیا۔ بھارت کے ایک دوسرے کھلاڑی نے مردوں کے مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ ×

**HOCKEY**

ہاکی پرو لیگ کے یوروپین مرحلے کے دوسرے میچ میں بھارت کی مردوں اور خواتین ٹیم کا مقابلہ آج رات میزبان بلجیم سے ہوگا۔ بلجیم کے شہر **Antwerp** میں **FIH** پرو لیگ میچ میں کَل بھارت کے مَردوں کی ہاکی ٹیم نے پنالٹی شوٹ آوَٹ میں ارجنٹینا کو چار کے مقابلے پانچ گول سے ہرایا۔ پنالٹی شوٹ آوَٹ سے پہلے دونوں ٹیمیں کھیل کے مقررہ وقت کے اختتام پر دو-دو گول سے برابری پر تھیں۔ پنالٹی شوٹ آوَٹ میں کپتان ہرمن پریت سنگھ اور سکھجیت سنگھ نے دو-دو گول کئے جبکہ ابھیشیک نے ایک گول کیا۔ اِس سے پہلے مندیپ سنگھ اور للت کمار اُپادھیائے نے بھارت کیلئے دو فیلڈ گول کئے۔ ارجنٹینا کی طرف سے **Lucas Martinez** اور **Tomas Domene** نے پنالٹی کارنر کے ذریعے ایک-ایک گول کئے۔اسی دوران بھارتی خواتین ہاکی ٹیم نے کَل رات ارجنٹینا سے صفر کے مقابلے پانچ گول سے ہار کر **FIH** پرولیگ **2023-24** کے اپنے یوروپین مرحلے کا آغاز کیا۔**X**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆